Unilever

یونی لیور پاکستان لمیٹڈ

آواری پلازہ، فاطمہ جناح روڈ، کراچی-75530

کھاتے کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 07 اپریل 2016ء سے 13 اپریل 2016ء تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی تاکہ حتمی منافع منقسمہ 2015ء جو کہ 163.00 روپے یعنی 326% فی شیئر ہے اور شیئر ہولڈرز کے سالانہ اجلاس جو کہ 13 اپریل 2016ء کو منعقد ہوگا میں شرکت کے حق کا تعین کیا جاسکے۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 14 اپریل 2016ء کو دوبارہ کھولی جائیں گی۔ شیئر کی منتقلی سے متعلق وہ درخواستیں جو کہ ہر لحاظ سے مکمل ہوں گی 06 اپریل 2016ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ۔3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔ 75530 کو موصول ہوں گی حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

CNIC / NTN (لازمی) کی فوٹو کاپی جمع کرانے کی یاددہانی

جن انفرادی ممبران نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کمپنی / شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کرائی ہے انھیں ایک بار پھر یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ جلد سے جلد اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس پتے پر بھیج دیں۔ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ۔ 3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔75530۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست جمع کرادیں۔ براہ کرم اپنا فولیو نمبر (Folio No.) / CNIC NTN کی کاپی کے ساتھ ضرور لکھیں۔

بحوالہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن SRO779(1) مورخہ 18 اگست، 2011ء اور (1) SRO 831 2012، مورخہ 5 جولائی، 2012 جو اس امر کو ضروری قرار دیتے ہیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ نمبر یا مجاز فرد (ماسوائے نابالغ فرد اور کارپوریٹ ممبر) کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا نمبر بھی لکھا ہو۔ کارآمد CNIC کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی، SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل کے سبب، ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل نہیں کرسکے گی۔

NTN کی تفصیل جمع کرانا (لازمی)

(i) حکومت پاکستان نے فائنانس ایکٹ 2014 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیوں کی طرف سے ادا کیے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ فائنانس ایکٹ 2015 کے تحت ٹیکس کی یہ شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

(a) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 12.5%

(b) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 17.5%

کمپنی کو اس قابل کرنے کے لیے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کی مالیت پر 17.5% فیصد کے بجائے 12.5% فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کرے، ایسے تمام شیئر ہولڈرز کو جن کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں کیے گئے ہیں، اگر چہ وہ ٹیکس گوشوارے داخل کر چکے ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ڈیویڈنڈ کے حق کے تعین کے لئے کھاتوں کی بندش کی تاریخوں کی شروعات 07 اپریل 2016ء سے قبل ATL میں شامل ہوجائیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 12.5% کے بجائے 17.5% کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹس کی کاپی اگر پہلے فراہم نہیں کی ہے تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ۔3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔ 75530 کو جمع کروائیں۔ شیئر ہولڈرز NTN یا NTN سرٹیفکیٹس بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی وضاحت کے مطابق ڈیویڈنڈ پر withholding ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے Filer/Non-Filer اسٹیٹس اور جوائنٹ ہولڈر/جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں اسکے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کی جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کے تعین میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور joint holder(s) کے شیئر ہولڈنگ تناسب کے بارے میں شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ۔3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔ 75530 کو تحریری طور پر مطلع کریں، بصورت دیگر withholding ٹیکس کا اطلاق پرنسپل اور joint holders کے پاس مساوی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (اختیاری)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 2008 SM/CDC 8(4) مورخہ 05 اپریل، 2013ء کے مطابق شیئر ہولڈرز ڈیویڈنڈ وارنٹ وصول کرنے کے بجائے کیش ڈیویڈنڈ ڈائریکٹ اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرسکتے ہیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس Physical Holding ہے اور وہ اس آپشن کو اختیار کرنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ مجوزہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔

ممبرز اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ۔3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی۔75530 کو دیں۔

بحکم بورڈ

عامر نصیر

ڈائریکٹر اینڈ کمپنی سیکریٹری

کراچی

مورخہ 21 مارچ 2016ء

PROMETHEUS